ہمارے لئے کہ نصیحت تم نے کی یا نہ کی ● نہیں ہے یہ، مگر اگلوں کی

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِيْ

چال ● اور ہمیں عذاب نہ دیا جائیگا" ● تو ان لوگوں نے جھٹلا دیا انہیں، چنانچہ برباد کر دیا ہم نے انہیں۔ بیشک

ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

اس میں ضرور نشانی ہے، اور انکے بہتیرے ماننے والے نہ تھے● اور بیشک تمہارا پروردگار ضرور غلبہ والا

الرَّحِيْمُ ﴿۱۴۰﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ ع ۱۱

رحم والا ہے● جھٹلا دیا ثمود نے سب رسولوں کو● جبکہ کہا انہیں ان کی قوم کے صالح نے، کہ

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۴۲﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۴۳﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾

کیا تم نہیں ڈرو گے● بیشک میں تمہارے لئے رسول امانت دار ہوں● تو ڈرو اللہ کو اور کہا مانو میرا●

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

اور نہیں مانگتا میں تم سے اس پر کوئی اجرت۔ نہیں ہے اجرت میری، مگر رب العالمین پر●

اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّ

کیا چھوڑ دیئے جاؤ گے تم؟ جو کچھ یہاں ہے امن وامان میں● باغوں میں اور چشموں میں● اور کھیتوں میں اور

نَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

کھجوروں میں، جن کے خوشے نرم نازک پختہ ہیں● اور تراش لیتے ہو پہاڑوں سے گھروں کو اتراتے ہوئے●

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِيْنَ

تو ڈرو اللہ کو اور کہا مانو میرا● اور نہ مانو فضول خرچوں کا حکم● جو

يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ

فساد مچائیں زمین میں، اور درست نہ کریں● سب بولے، کہ "تم بس

الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۖ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ

جادو کئے ہوئے ہو● تم ہماری ہی طرح بشر ہو۔ لاؤ تو کوئی نشانی اگر

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾

سچے ہو"● جواب دیا، کہ "یہ اونٹنی ہے، ایک دن اسکا پینا ہے اور ایک مقرر دن تمہارے پینے کا ہے●

وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا

اور مت چھونا اس کو برائی سے، کہ پکڑے تمہیں بڑے دن کا عذاب"● چنانچہ کونچیں کاٹ دیں اسکی،

فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَ

تو صبح کی انہوں نے پچھتاتے● کہ پکڑ لیا انہیں عذاب نے۔ بیشک اس میں ضرور نشانی ہے۔ اور

مَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٥٨﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٥٩﴾ كَذَّبَتْ ع ۱۲

ان کے بہتیرے مسلمان نہ تھے● اور بیشک تمہارا پروردگار ضرور وہی عزت والا رحم والا ہے● جھٹلا دیا

قَوْمُ لُوطٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٦٠﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٦١﴾ إِنِّي

لوط کی قوم نے سب رسولوں کو● جبکہ کہا انہیں ان کی قوم کے لوط نے، کہ کیا خوف سے کام نہ لوگے● بیشک

لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٦٢﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٦٣﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

میں تمہارے لئے اللہ کا بھیجا ہوا امانت دار ہوں● تو ڈرو اللہ کو اور کہا مانو میرا● اور میں نہیں چاہتا تم سے اس پر

أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦٤﴾ أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ

کوئی اجرت، میری اجرت بس رب العالمین پر ہے● کیا بدکاری کرتے ہو مردوں سے سارے

الْعَالَمِينَ ﴿١٦٥﴾ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُم مِّنْ أَزْوَاجِكُم ۚ بَلْ أَنتُمْ

جہان میں● اور چھوڑ بیٹھے ہو وہ جو پیدا فرمایا تمہارے لئے، تمہارے پروردگار نے تمہاری بیبیاں، بلکہ تم لوگ حد

قَوْمٌ عَادُونَ ﴿١٦٦﴾ قَالُوا لَئِن لَّمْ تَنتَهِ يَا لُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ﴿١٦٧﴾

سے بڑھ گئے ہو● سب بولے، کہ "اگر تم باز نہ آئے اے لوط، تو ضرور نکال دیئے جاؤ گے"●

قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُم مِّنَ الْقَالِينَ ﴿١٦٨﴾ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٦٩﴾

جواب دیا، کہ "بیشک میں تمہارے کرتوت سے بیزار ہوں● پروردگار بچائے رکھ مجھ کو اور میرے اہل کو انکے کرتوتوں سے"●

فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿١٧٠﴾ إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ﴿١٧١﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا

تو بچا لیا ہم نے انہیں اور انکے سب لگانوں کو● مگر ایک بوڑھی عورت پچھڑ جانے والوں سے● پھر برباد کر دیا ہم نے

الْآخَرِينَ ﴿١٧٢﴾ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنذَرِينَ ﴿١٧٣﴾ إِنَّ

اوروں کو● اور برسایا ہم نے ان پر ایک برساؤ، تو کیسی بری ہوئی ڈرائے جانے والوں کی بارش● بیشک

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٤﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ

اس میں ضرور نشانی ہے۔ اور نہ تھے ان کے بہتیرے ماننے والے● اور بیشک تمہارا پروردگار ضرور وہی

الرَّحِيمُ ﴿١٧٥﴾ كَذَّبَ أَصْحَابُ لْأَيْكَةِ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧٦﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ ع ۱۳ ۵

عزت والا رحم والا ہے● جھٹلایا جھاڑی والوں نے سارے رسولوں کو● جبکہ کہا ان سے شعیب نے

أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٧٧﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٧٨﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٧٩﴾ وَ

کہ کیا ڈرو گے نہیں● بیشک میں تمہارے لئے امانت والا رسول ہوں● تو ڈرا کرو اللہ کو اور کہا مانا کرو میرا● اور

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا

میں نہیں چاہتا تم سے اس پر کوئی بدلہ، میرا ثواب بس رب العالمین پر ہے● پوری ناپ

الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ ۚ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾

ناپو، اور کم ناپنے والوں سے مت بنو● اور تولا کرو سیدھی ڈنڈی●

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ ۚ

اور نہ کمی کرو لوگوں کی چیزوں میں، اور نہ پھرو زمین میں فساد مچاتے●

وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ ؕ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ

اور ڈرو اسے جس نے تمہیں پیدا کیا، اور اگلے لوگوں کو● سب بولے "تم بس

الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ ۙ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾ ۚ

جادو مارے ہو● اور تم ہماری ہی طرح بشر ہو، اور ہم سمجھتے ہیں تمہیں جھوٹا●

فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾ ؕ قَالَ

گرا تو دو ہم پر کوئی ٹکڑا آسمان کا، اگر سچے ہو"● جواب دیا، کہ

رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ

"میرا پروردگار خوب جانتا ہے جو تمہارے کرتوت ہیں"● تو جھٹلا دیا سب نے انہیں، تو پکڑ لیا انہیں شامیانہ والے دن کے عذاب نے۔

اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

بیشک وہ بڑے دن کا عذاب تھا● بیشک اس میں ضرور نشانی ہے، اور ان کے بہتیرے

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾ ۧ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ ع ۱۲ ۱۴

ایمان والے نہ تھے● اور بیشک تمہارا پروردگار ہی عزت والا رحم والا ہے● اور بیشک یہ ضرور رب العالمین کا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ ؕ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ ۙ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ

اتارا ہوا ہے● اس کو لے کر اترے روح الامین● تمہارے دل پر، کہ ڈر

الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ ۙ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾ ؕ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾

سنانے لگو تم● صاف عربی زبان میں● اور بیشک اس کا بیان اگلی کتابوں میں ہے●

اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ

کیا نہیں ہے انکے لئے کوئی نشانی؟ کہ جانتے ہیں انھیں بنی اسرائیل کے علماء● اور اگر ہم اتارتے

عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾

اس کو کسی غیر عربی پر● پھر وہ پڑھتا اسے ان پر، یہ لوگ نہ مانتے●

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا

اسی طرح پرو دیا ہے ہم نے جھٹلانے کو مجرموں کے دلوں میں● وہ نہ مانیں گے اسے، یہاں تک کہ

الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُوْلُوْا

دیکھ لیں دکھ والا عذاب● تو وہ آ ہی جائیگا ان پر اچانک، اور وہ بے خبر ہوں گے● تو چلّائینگے

هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ

"کہ کیا ہمیں مہلت ملے گی؟"● تو کیا ہمارے عذاب کی جلدی مچا رہے ہیں● تمہیں دیکھو کہ اگر مہلت

مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ

دی ہم نے انہیں چند سال کی● پھر آ گیا ان کے پاس جس سے ڈرائے گئے ہیں● تو کیا کام دیگا انہیں

مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿۲۰۷﴾ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿۲۰۸﴾

جو رہنے سہنے دیئے گئے● اور نہیں برباد فرمایا ہم نے کسی آبادی کو، مگر اسکے لئے ڈرانے والے ہوئے●

ع ۱۴ ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۰۹﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۱۰﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

یاد دہانی کو۔ اور ہم نہیں اندھیر والے● اور نہیں اتارلائے اس کو شیطان● اور نہ وہ اس

لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ فَلَا تَدْعُ

لائق ہیں، اور نہ وہ ایسا کر سکیں● بلاشبہ وہ سننے سے ہٹا دیئے گئے ہیں● تو نہ دہائی دو

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ

اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی، کہ عذاب دیئے جاؤ● اور ڈر سناؤ اپنے قریبی

الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾

رشتہ داروں کو● اور جھکا دو اپنے بازو کو انکے لئے، جو تمہارے پیچھے پیچھے چلیں مسلمان●

فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ

اب اگر تمہاری نافرمانی انہوں نے کی، تو کہہ دو کہ بلاشبہ میں بیزار ہوں تمہارے کرتوت سے● اور بھروسہ رکھو عزت والے

الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾

رحم والے پر● جو نگرانی فرماتا ہے تمہاری جب کھڑے ہوتے ہو● اور تمہاری الٹ پھیر کو نمازیوں میں●

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۲۱﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰی مَنْ تَنَزَّلُ الشَّیٰطِیْنُ ﴿۲۲﴾

بیشک وہی سننے والا علم والا ہے● کیا میں تمہیں بتادوں کہ کس پر اترتے ہیں شیطان●

تَنَزَّلُ عَلٰی كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ ﴿۲۳﴾ یُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَ اَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۴﴾

اترتے ہیں ہرافترا پرداز گنہ گار پر● سنی سنائی کہہ ڈالتے ہیں، اوران میں زیادہ تر جھوٹے ہیں●

وَ الشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۵﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِیْ كُلِّ وَادٍ یَّهِیْمُوْنَ ﴿۲۶﴾

اورشاعرلوگوں کی پیروی گمراہ لوگ کرتے ہیں● کیاتم نے نہ دیکھا کہ وہ ہرمیدان میں بہکا کرتے ہیں●

وَ اَنَّهُمْ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور بیشک وہ کہتے ہیں، جوخودنہیں کرتے● مگر جو ایمان لائے اورلیاقت مندی کے کام کئے،

وَ ذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا وَّ انْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَ سَیَعْلَمُ

اورتذکرہ کیا اللہ کا بہت، اور بدلہ لیا بعداس کے کہ ستائے گئے۔ اورجلد ہی جان

الَّذِیْنَ ظَلَمُوْۤا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ ﴿۲۲۷﴾ ع ۱۱ ۱۵

لیں گے جنہوں نے ستایا ہے، کہ کس کروٹ پلٹا کھاتے ہیں●

سُوْرَةُ النَّمْلِ ۲۷ مَكِّیَّةٌ ۴۸ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیَاتُهَا ۹۳ رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۂ نمل مکیہ نام سے اللہ کے بڑامہربان بخشنے والا آیات ۹۳ رکوع ۷

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ كِتَابٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱﴾ هُدًی وَّ بُشْرٰی

ط س۔۔ یہ ہیں آیتیں قرآن کی، اور روشن کتاب کی● ہدایت اورخوش خبری

لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲﴾ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ

مان جانے والوں کیلئے● جو پابندی کریں نماز کی، اوردیں زکوٰۃ، اوروہ

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَیَّنَّا لَهُمْ

آخرت پر یقین رکھیں● بیشک جونہ مانیں آخرت کو، تواچھا لگنے دیا ہم نے ان کی نگاہوں میں

اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَ

ان کے کرتوتوں کو، تووہ مدہوش ہیں● وہی ہیں جن کے لئے براعذاب ہے، اور

هُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۵﴾ وَ اِنَّكَ لَتُلَقَّی الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ

وہی ہیں آخرت میں گھاٹے والے● اور بیشک تم سکھائے جاتے ہوقرآن کو،

حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝۶ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ

حکمت والے علم والے کی طرف سے● جب کہا تھا موسیٰ نے اپنی اہلیہ کی خاطر، کہ مجھے دیکھ پڑی ہے آگ۔ بہت جلد تمہارے

مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝۷ فَلَمَّا جَاۗءَهَا

پاس اسکی خبر لاتا ہوں، یا لے آؤں گا تمہارے لئے چمکتی چنگاری، کہ تم تاپ لو● چنانچہ جب آئے اس

نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ

آگ کے پاس، تو پکارا گیا، کہ "مبارک ہیں، جو اس روشنی میں ہیں، اور جو اسکے گرداگرد ہیں، اور پاکی ہے اللہ کی، سارے

الْعٰلَمِيْنَ ۝۸ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹ وَاَلْقِ عَصَاكَ ۭ

جہان کا پالنے والا"● اے موسیٰ بیشک واقعہ یہی ہے کہ میں ہی اللہ ہوں، عزت والا حکمت والا● اور ڈال دو اپنا عصا۔

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰى لَا

پھر جب دیکھا اسے کہ رینگتا ہے، گویا کہ وہ سانپ ہے، تو ہٹ گئے منہ پھیر کر اور مڑ کر نہ دیکھا۔ اے موسیٰ ڈرو

تَخَفْ ڰ اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۱۰ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ

نہیں۔۔ بیشک میں ہوں کہ نہیں ڈرتے میرے ہوتے، رسول لوگ● مگر جس نے ظلم کیا، پھر اگر نیکی کا بدلہ

حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْۗءٍ فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۱ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ

دیا برائی کے بعد، تو بیشک میں بخشنے والا رحم فرمانے والا ہوں● اور ڈالو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں،

تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ڰ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ

نکلے گا سفید روشن، بغیر کسی عیب کے۔۔ یہ نو معجزات میں سے ہے فرعون اور اس کی قوم کی طرف۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝۱۲ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا

کہ بلاشبہ وہ نافرمان لوگ تھے● پھر جب آ گئیں ہماری نشانیاں انکے پاس آنکھیں کھول دینے والی، تو سب بولے،

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۳ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ

"کہ یہ کھلا جادو ہے"● اور ان کا انکار کر دیا، اور یقین رکھتے تھے ان کے دل ظلم و غرور سے۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۱۴ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ ع ۱۶

تو دیکھ لو کہ کیسا انجام ہوا فسادیوں کا● اور بیشک ہم نے دیا تھا داؤد و سلیمان کو

عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ

علم۔ اور دونوں نے خطبہ دیا کہ ساری حمد اللہ کی، جس نے بڑائی دی ہمیں، بہتیرے اپنے ماننے والے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا

بندوں پر"● اور گدی پائی سلیمان ہی نے داؤد کی، اور شاہی خطبہ دیا، کہ "اے لوگو ہم سکھلائے

مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾

گئے ہیں پرند کی بولی، اور ہمیں ہر چیز سے کچھ عطا فرما دیا گیا ہے۔ بیشک یہ کھلا ہوا فضل ہے"●

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

اور اکٹھا کئے گئے سلیمان کی خاطر ان کے لشکر، جن اور انسان و پرند، تو روکے جاتے تھے بڑھ جانے سے●

حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰي وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا

یہاں تک کہ آئے چیونٹی کی وادی پر۔ بولی ایک چیونٹی، کہ "اے چیونٹیو! گھس جاؤ اپنے

مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾

اپنے سوراخ میں، کہ کچل نہ ڈالیں تمہیں سلیمان اور ان کا سارا لشکر، انجانی میں"●

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ

تو مسکرا دیئے سلیمان ہنستے ہوئے اسکی بات سے، اور دعا کی، کہ "پروردگار! مجھے توفیق دے کہ شکر ادا کرتا رہوں تیری

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ

نعمت کا، جو انعام فرمایا تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر، اور یہ کہ کرتا رہوں لیاقت کے کام، کہ تو راضی رہے اس

وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ

سے، اور داخل رکھ مجھ کو اپنی رحمت سے اپنے اہلیت رکھنے والے بندوں میں"● اور دیکھ بھال کی پرندوں کی، تو

فَقَالَ مَالِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۡ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَاۗىِٕبِيْنَ ﴿۲۰﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ

بولے، کہ "کیا بات ہے کہ میں نہیں دیکھ رہا ہوں ہدہد کو۔ یا وہی غیر حاضر ہے● ضرور اسے سخت

عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاْذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۱﴾

سزا دوں گا، یا ذبح ہی کر ڈالوں گا، یا وہ لے آئے میرے سامنے کوئی روشن وجہ●

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ

چنانچہ آ گیا وہ ذرا دیر میں، پھر عرض کی، کہ "میں نے دیکھ لیا جس کو آپ نے نہیں دیکھا، اور میں لایا ہوں شہر

سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اِنِّىْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ

سبا سے یقینی اطلاع● میں نے پایا ایک عورت کو جو ان پر بادشاہی کرتی ہے، اور دی گئی ہے ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ

سے کچھ نہ کچھ، اور اس کا تخت بڑا ہے● اور میں نے اسے پایا اور اس کی قوم کو، کہ سجدہ کرتے ہیں

لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

سورج کا بمقابلہ اللہ کے، اور بھلا لگا دیا ان کی نگاہوں میں شیطان نے انکے کرتوتوں کو، تو روک

عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ

دیا انہیں راہ سے، تو وہ راہ نہیں پاتے"● کیوں نہیں سجدہ کرتے اللہ کا؟ جو

يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا

نکالے چھپی چیزوں کو آسمانوں اور زمین میں، اور جانے جو تم چھپاؤ اور جو

تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۶﴾ قَالَ ع ۲

ظاہر کرو● اللہ، نہیں ہے کوئی معبود، مگر وہی عرشِ عظیم کا رب ہے● فیصلہ کیا، کہ

سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ

"بہت جلد ہم دیکھ لیتے ہیں کہ تو سچ بولا، یا جھوٹا ہے● میرا یہ فرمان لے کر جا

هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَتْ

اور ان کی طرف ڈال دے، پھر ان سے ہٹ کر دیکھ، کہ کیا جواب میں کرتے ہیں"● ملکہ سبا بولی،

يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۹﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ

"کہ اے دربار کے سردارو! میرے پاس ایک معزز تحریر ڈالی گئی ہے● اور یہ سلیمان کی طرف سے ہے، اور

اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۳۰﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع ۳

اس کا مضمون ہے، کہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم● یہ کہ مجھ پر نہ بڑھو، اور میرے پاس حاضر ہو نیازمند ہو کر"●

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا

بولی اے چودھریو! "بتاؤ مجھے میرے اس معاملہ میں، میں نے کسی معاملہ کا قطعی فیصلہ نہیں کیا، یہاں

حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿۳۲﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ

تک کہ تم لوگ حاضر ہو"● سب بولے، کہ "ہم زور والے اور سخت جنگجو ہیں۔۔۔

وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا

اور فیصلہ تمہارے سپرد ہے، تو تمہیں اختیار ہے جو حکم دیدو"● بولی، کہ "بادشاہ لوگ جب

دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ

داخل ہوئے کسی آبادی میں تو الٹ پلٹ دیا اسے، اور کر ڈالا آبادی کے عزت والوں کو ذلیل، اور یہی کرتے

يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ

رہتے ہیں● "اور میں تو بھیج رہی ہوں ان کی طرف ایک تحفہ، پھر دیکھتی ہوں، کہ کیا جواب لاتے ہیں

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۖ فَمَآ

قاصد● چنانچہ جب آیا قاصد سلیمان تک، انہوں نے کہا" کہ کیا میری مدد کرتے ہو مال سے؟ تو جو

اٰتٰىنِيَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾

دے رکھا ہے مجھے اللہ نے، وہ بہتر ہے اس سے جو تم کو دیدیا ہے، بلکہ تم لوگ تو اپنے اس تحفہ پر اتراتے ہو●

اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ

واپس لے جاؤ انکی طرف، اب ہم لائینگے ان کے پاس ایسے لشکر، کہ مقابلہ نہ کرسکیں وہ جن کا، اور ہم ضرور نکال دینگے

مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ

انہیں آبادی سے ذلیل کر کے، کہ وہ دبے لچے ہیں● حکم دیا، کہ "اے میرے درباریو! تم میں کون ہے جو لے آئے

بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ

اس کا تخت، قبل اس کے کہ وہ گردن ڈالے آئیں● بولا ایک ہیکڑ جن،

اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ

کہ "میں اسے لے آؤں گا، قبل اس کے کہ آپ اس دربار سے اٹھیں۔ اور بلاشبہ میں اس پر قابو رکھنے والا

اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ

امانتدار ہوں"● بولے وہ، جن کے پاس نوشتہ کا علم تھا، کہ "میں لاؤں گا تمہارے پاس

قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ

اسے، قبل اس کے کہ جھپکے آپ کی نگاہ۔ تو جب دیکھا اسے کہ رکھا ہے سامنے، بولے، کہ

هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۣ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ

"یہ میرے پروردگار کا فضل ہے۔۔ کہ مجھے جانچے کہ شکرگزار رہتا ہوں یا ناشکری کرنے لگتا ہوں، اور جو

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ

شکرگزار رہا، وہ شکر کرتا ہے اپنے نفع کو۔ اور جس نے ناشکری کی، تو بلاشبہ میرا رب بے پرواہ کرم والا ہے"● حکم دیا، کہ

نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا

"اسکی دیکھی صورت بدل دو، اس کے تخت کی، دیکھیں کہ پہنچانتی ہے یا انجان

يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ

رہتی ہے"● چنانچہ جب وہ آئی، پوچھا گیا، کہ "کیا ایسا ہی تیرا تخت ہے؟ بولی گویا یہ وہی ہے۔

وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ

اور ہمیں آپ کا علم پہلے ہی ہو چکا، اور ہم نیاز مند ہو چکے● اور روک رکھا تھا اس کو جسے پوجا کرتی تھی

تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا

اللہ کے مقابلہ میں۔ بیشک وہ کافر قوم سے تھی● اسے کہا گیا،

ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ

"کہ صحن میں آؤ" تو جب اس نے وہ صحن دیکھا، تو خیال کیا اسے گہرا پانی، اور کپڑا اٹھایا اپنی دونوں پنڈلیوں سے۔

قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ

سلیمان بولے "کہ یہ صحن ہے شیشہ جڑا ہوا"۔ وہ بولی "پروردگارا میں نے اندھیر کر رکھا تھا

نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ ع ۱۸ ۳

اپنے حق میں، اور میں نے گردن جھکا دی، سلیمان کے ساتھ اللہ رب العالمین کیلئے● اور بیشک

اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ

بھیجا ہم نے ثمود کی طرف ان کی برادری کے صالح کو، کہ لوگو خدا کو پوجو، تو اس وقت وہ

فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ

دو فرقے ہو گئے جھگڑا کرتے● انہوں نے کہا، کہ "اے میری قوم، کیوں جلدی مچاتے ہو برائی کی

قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا

بھلائی سے پہلے، کیوں نہیں مغفرت مانگتے اللہ سے، کہ تم رحم کئے جاؤ"● سب بولے،

اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ

کہ "ہم نے برا شگون لیا ہے تم سے، اور ان سے جو تمہارے ساتھ ہیں"، جواب دیا، کہ "تمہاری بدشگونی اللہ کے قبضہ میں ہے، بلکہ

قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ

تم لوگ فتنے میں گرفتار کئے گئے ہو"● اور تھے شہر میں نو شخص، کہ فساد مچاتے

فِی الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَیِّتَنَّهٗ

زمین میں اور درستگی نہ چاہتے ● انہوں نے اللہ کی قسم کھائی، بولے، کہ "ہم ضرور شب خون ماریں

وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِیِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

گے ان پر، اور ان کے اپنوں پر، پھر کہہ دینگے ان کے حقدار سے، کہ ہم حاضر نہ تھے ان کی ہلاکت کے وقت، اور ہم

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾

بالکل سچے ہیں" ● اور وہ چلے اپنی چال، اور ہم نے نکالی اپنی توڑ، اور وہ نہ تاڑ سکے ●

فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۵۱﴾

تو دیکھ لو، کہ کیسا ہوا انجام ان کی چال کا، بیشک ہم نے برباد کر دیا انہیں، اور ان کی ساری قوم کو ●

فَتِلْكَ بُیُوْتُهُمْ خَاوِیَةً بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ

چنانچہ یہ ان کے گھر ہیں گرے پڑے، بدلہ ہے اس کا جو اندھیر مچا رکھا تھا، بیشک اس میں ضرور نشانی ہے انکے لئے

یَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنْجَیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَلُوْطًا اِذْ

جو علم رکھتے ہیں ● اور بچا لیا ہم نے انہیں جو ایمان لائے اور خوف کھاتے تھے ● اور لوط کو، جبکہ

قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَىِٕنَّكُمْ

کہا اپنی قوم کو، "کہ تم لوگ آتے ہو بے شرمی پر، اور تم آنکھ رکھتے ہو ● کیا تم آتے ہو

لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

مَردوں کے پاس مستی میں، عورتوں کو چھوڑ کر، بلکہ تم لوگ جہالت کرتے ہو" ●

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْۤا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْیَتِكُمْ ۚ

تو نہ تھا ان کی قوم کا جواب، مگر یہ، کہ بولے کہ "نکال دو لوط کے لوگوں کو اپنی آبادی سے،

اِنَّهُمْ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ قَدَّرْنٰهَا

یہ لوگ بڑے پاک رہتے ہیں" ● تو بچا لیا ہم نے انہیں، اور ان کے اپنوں کو، مگر ان کی عورت کہ تقدیر کر دی تھی ہم نے

مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۵۸﴾ قُلِ الْحَمْدُ ع ۱۴ ۱۹

اسکی پچھڑنے والوں کے ساتھ ● اور برسایا ہم نے ان پر خوب ہی، تو کیسی بری بارش تھی ڈرائے جانیوالوں پر ● تم کہہ دو

لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ؕ آٰللّٰهُ خَیْرٌ اَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

کہ "ساری حمد اللہ کی، اور سلام ہے اسکے بندوں پر، جن کو اس نے چنا" کیا اللہ بہتر ہے یا جسکو وہ لوگ شریک بناتے ہیں؟ ●